SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

Press Release
For immediate Release
August 6, 2016

## ایس ای سی پی بیمہ کمپنیوں کی ویب سائٹوں کا جائزہ شروع کر دیا

اسلام آباد، 6 اگست: سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن پاکستان نے بیمہ کمپنیوں کی ویب سائٹوں پر مطلوبہ مواد کی تصدیق کا عمل شروع کر دیا ہے جس کے نتیجے میں اب تک بیمہ کمپنیوں کی ویب سائٹوں میں متعدد خامیوں کی نشان دہی کی جا چکی ہے۔ اس ضمن میں ایس ای سی پی نے تینتیس بیمہ کمپنیوں کو تنبیہ کی ہے کہ وہ خامیوں کا تدارک کرنے کے ساتھ ساتھ اپنی ویب سائٹوں کو اس ضمن میں ماضی میں جاری کردہ متعدد مراسلوں اور اطلاع ناموں کی روشنی اپ ڈیٹڈ رکھیں۔

ایس ای سی پی نے تمام لسٹڈ اور نان لسٹڈ کمپنیوں کو اپنے حکم نامہ نمبر 634(1)/2014 کے ذریعے ہدایت جاری کی تھی کہ وہ اپنی ویب سائٹ کے ذریعے کمپنی کے بارے میں مکمل معلومات کی فراہمی، کمپنی کے مقاصد، گورننس کا ڈھانچہ، ڈائریکٹروں کے الیکشن اور کمپنی کی مالی حیثیت کی تازہ ترین صورتِ حال سے آگاہ کریں گی۔ بعد میں اطلاع نامہ نمبر 122(I)/2015 اور 16(I)/2016 کے ذریعے یہ ہدایت بھی جاری کی گئی تھی کہ کمپنیاں اپنی ویب وائٹ پر 2014 کے حکم میں مذکورہ معلومات اپنی ویب سائٹ پر اردو میں بھی فراہم کریں۔ ساتھ ہی ساتھ تمام کمپنیوں کو یہ ہدایت بھی جاری کی گئی تھی کہ وہ ایس ای سی پی کے ویب پورٹل ''جمع پونجی'' کا لنک بھی اپنی ویب سائٹ پر آویزاں کریں۔

مزید برآں، ایس ای سی پی نے 2011 میں مراسلہ نمبر 18 کے ذریعے تمام بیمہ کمپنیوں کو ہدایت جاری کی تھی کہ تمام بیمہ کمپنیاں اپنی ویب سائٹ پر اپنی مصنوعات، دعووں/شکایات کے حل کا طریقہ کار آسان ترین پیرائے میں اپنی ویب سائٹ پر فراہم کریں گی۔ اسی طرح مراسلہ نمبر 11 بتاریخ 19 مئی 2014 کے ذریعے تمام بیمہ کمپنیوں کو ہدایت جاری کی گئی تھی کہ وہ ان تمام پالیسی مالکان کے نام جنھوں نے اپنے کلیمز داخل نہیں کئے اپنی ویب سائٹ پر آویزاں کریں۔ ساتھ ہی متعلقہ افسر کا فون نمبر بھی ویب سائٹ پر دیں جس پر ایسے پالیسی مالکان اپنے دعووں کے لئے رابطہ کر سکتے ہیں۔ بیمہ کمپنیوں کے لئے اپنی اپ ڈیٹڈ ویب سائٹ برقرار رکھنا لازمی ہے تاکہ نئے آنے والے سرمایہ کار میسر معلومات کی روشنی میں ان کمپنیوں میں سرمایہ کاری کے حوالے سے بہتر فیصلہ کر سکیں۔